دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں مرحوم ڈاکٹر ذاکر حسین کی ستاونویں برسی منائی گئی

New Delhi, May 4, 2026

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں کل سابق صدر جمہوریہ ہند اور جامعہ ملیہ اسلامیہ کے سابق امیر جامعہ و سابق شیخ الجامعہ مرحوم ڈاکٹر ذاکر حسین کی ستاونویں برسی منائی گئی۔

پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے انہیں گلہائے عقیدت نذر کرنے کے لیے یونیورسٹی کے دیگر عہدیداران، طلبہ، غیر تدریسی عملہ اور مرحوم ڈاکٹر ذاکر حسین کے کنبہ کے اراکین کے ساتھ جامعہ کیمپس میں موجود مرحوم ڈاکٹر ذاکر حسین کے مقبرے کی زیارت کی۔

مرحوم ڈاکٹر ذاکر حسین کی یاد میں ان کے مقبرے پر ایک خصوصی دعائیہ مجلس بھی منعقد ہوئی۔

پروفیسر صائمہ سعید

افسر اعلیٰ، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ